صرف احمدی احباب کی تعلیم وتربیت کے لئے

جمعہ 29۔اپریل 2016ء

روزنامہ

1913ء سے جاری شدہ

FR-10

الفضل

The ALFAZL Daily

ٹیلی فون نمبر 047-6213029

web: http://www.alfazl.org
email: editoralfazl@gmail.com

ایڈیٹر: عبدالسمیع خان

جمعہ 29۔ اپریل 2016ء 21 رجب 1437 ہجری 29 شہادت 1395 ہش جلد 66-101 نمبر 98

نبیوں کا امام

حضرت ابی بن کعبؓ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

میں قیامت کے دن انبیاء علیہم السلام کا امام اور خطیب ہوں گا اور اُن میں سے میں صاحب شفاعت ہوں گا اور (اس پر مجھے) کوئی فخر نہیں۔

(ترمذی کتاب المناقب باب فی فضل النبی ﷺ)

اخلاق عالیہ حضرت رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم

قیام تبوک کے دوران یحنہ (یوحنا) بن روبہ حاکم ایلہ آپؐ کا خط ملنے پر خود آپؐ کی خدمت میں حاضر ہوا۔ اس کے ساتھ شام، یمن، بحر کے بعض علاقوں کے نمائندے بھی تھے۔ اسی طرح علاقہ جرباء اور اذرُح کے لوگ بھی تھے۔ جب وہ آنحضرت ﷺ کی ملاقات کے لئے آئے تو آپؐ نے انہیں مصالحت کی پیشکش کی۔ چنانچہ اسی وقت ان تمام علاقوں کے نمائندوں سے مصالحت اور امان طے ہوگئی اور شرائط تحریر کی گئیں۔ (ابن سعد ذکر بعثة رسول الله ﷺ الرسل بکتبه الی الملوك)

ایلہ کے قریبی علاقے مقنا پر بھی یحنہ بن روبہ ہی حکومت کرتا تھا اور اس نے کسی وقت یہاں کے یہود کو ملک بدر کر دیا تھا۔ چنانچہ جب آپؐ نے یحنہ کو تحریر لکھ کر دی تو اس میں ان اجڑے ہوئے لوگوں کے لئے بھی رحمت کا معاہدہ بنایا کہ ’’اہل مقنا کو ان کے سامان سمیت ان کے اپنے وطن میں بھیج دو۔‘‘ (ابن کثیر غزوه تبوك)

آنحضرت ﷺ نے یحنہ کو اس ریاست کی حکمرانی پر قائم رکھا۔ یہ ریاست چونکہ ساحل سمندر پر تھی۔ اس لئے آپؐ نے اپنے ایک خط میں خاص طور پر بحری امور کا بھی ذکر فرمایا اور لکھا:

بسم الله ...... یہ اللہ تعالیٰ اور محمد نبی و رسول اللہ ﷺ کی طرف سے یوحنا بن روبہ اور اہل ایلہ کے لئے بحر و بر میں ان کے سفینوں اور سواریوں کے لئے امان کی ضمانت ہے۔ ان کا ذمہ اللہ اور محمد نبی (ﷺ) پر ہوگا اور ان کے ساتھ وہ لوگ بھی جو شام، یمن اور بحر میں ہیں، (سب اللہ تعالیٰ اور محمد (ﷺ) کے ذمہ میں ہیں)۔ ان میں سے جو کوئی اس عہد میں کوئی نئی بات بنائے گا (یعنی تبدیلی کرے گا) تو اس کا مال اس کی جان کی حفاظت نہیں کرے گا اور کسی کے لئے اس پانی کا روکنا جائز نہیں ہوگا جس پر وہ آتے جاتے ہیں اور نہ ہی ان کے بحری اور بری راستوں میں سے جن پر وہ سفر کرتے ہیں انہیں روکا جائے گا‘‘۔

(صحیح بخاری کتاب الزکوٰة باب خرص الثمر، و کتاب الجهاد باب اذا وادع الامام، ومسلم کتاب الفضائل باب معجزات النبی ﷺ)

اپنے قیام تبوک کے دوران آنحضرت ﷺ نے صحابہؓ کو علاقہ کے لوگوں سے میل جول کی اجازت دی۔ چنانچہ تبوک میں قیام کے دوران بعض صحابہؓ اس علاقہ کے لوگوں میں بیع و شراء یعنی ہلکی پھلکی تجارت بھی کرتے رہے۔

(سنن ابن ماجه کتاب الجهاد باب الشراء والبیع فی الغزو)

خیبر میں وہ عورت جس نے دعوت کا دھوکہ دے کر آپؐ کو قتل کرنا چاہا تھا۔ آپؐ نے اس سے بھی عفو و درگزر کا سلوک فرمایا اور اپنے بارہ میں اس کا یہ جرم معاف کر دیا۔

(سنن ابو داؤد کتاب الدیات باب فیمن سقی رجلاً سماً)

جامعہ احمدیہ میں داخلہ کے خواہشمند متوجہ ہوں

جامعہ احمدیہ ربوہ میں داخلہ میٹرک / ایف اے کے نتیجہ کے بعد ہوگا۔ میٹرک پاس کے لئے عمر کی حد 17 سال اور ایف اے پاس کے لئے 19 سال ہے۔ جو نوجوان بطور واقف زندگی جامعہ احمدیہ میں داخل ہونے کی خواہش رکھتے ہوں ان کو داخلہ کی تیاری کے لئے درج ذیل باتوں پر خاص توجہ دینی چاہیے۔

1۔ پنجگانہ نماز باجماعت۔

2۔ روزانہ تلاوت قرآن کریم درست تلفظ کے ساتھ۔

3۔ مطالعہ احادیث خصوصاً چہل احادیث، چالیس جواہر پارے۔

4۔ مطالعہ سیرت حضرت اقدس محمد مصطفےٰ ﷺ۔

5۔ مطالعہ کتب حضرت مسیح موعود۔

6۔ سیدنا حضرت خلیفة المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا خطبہ جمعہ Live اور ایم ٹی اے پر نشر ہونے والے حضور انور کے دیگر پروگرام سننا۔

7۔ حضرت مسیح موعود کے خلفاء اور خاندان کے متعلق واقفیت۔

8۔ بنیادی جماعتی تاریخ سے واقفیت

9۔ مطالعہ روزنامہ الفضل خصوصاً پہلا صفحہ۔

10۔ ماہنامہ خالد اور تشحیذ الاذہان کا مطالعہ۔

11۔ ابتدائی عربی زبان سیکھنا، اردو سیکھنا اور اردو بول چال کی مشق کرنا، انگریزی زبان کو بہتر بنانا، کتب یا اخبارات میں سے کوئی حصہ بلند آواز سے پڑھنے کی مشق کرنا۔

12۔ اپنے وقف اور جامعہ میں داخلہ کے لئے روزانہ دعا کرنا۔

13۔ میٹرک کا رزلٹ آتے ہی رزلٹ کارڈ کی فوٹو کاپی وکالت ہذا کو ارسال کریں۔

(وکیل التعلیم تحریک جدید ربوہ)

پبلشر و پرنٹر : طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ .... مطبع: ضیاء الاسلام پریس .... مقام اشاعت : دارالنصر غربی چناب نگر ربوہ .... قیمت 6 روپے

مشعل راہ

عورتوں سے حسن معاشرت اسوہ رسولؐ ہے

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز خطبہ جمعہ فرمودہ 2 جولائی 2004ء میں فرماتے ہیں۔

ایک روایت ہے حضرت سلمان بن احوصؓ روایت کرتے ہیں کہ میرے والد نے مجھے بتایا کہ وہ حجۃ الوداع کے موقعہ پر آنحضورؐ کے ہمراہ موجود تھے۔ اس موقع پر آنحضور ﷺ نے حمد وثناء کے بعد وعظ ونصیحت فرمائی اور پھر فرمایا کہ عورتوں کے بارے میں ہمیشہ بھلائی کے لئے کوشاں رہو کیونکہ وہ تمہارے ساتھ قیدیوں کی طرح بندھی ہوئی ہیں۔ تم ان پر کوئی حق ملکیت نہیں رکھتے سوائے اس کے کہ وہ کھلی کھلی بے حیائی کی مرتکب ہوں (یعنی تمہارا حق ملکیت نہیں کہ جب چاہو مارنا شروع کر دو، جب چاہو جو مرضی سلوک کرلو، سوائے اس کے کہ وہ بے حیائی کی مرتکب ہوں) اور ان کا تم پر یہ حق ہے کہ تم ان کے کپڑوں اور کھانے کا بہترین خیال رکھو۔ (ترمذی کتاب الرضاع)

حضرت اقدس مسیح موعود فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ ساری باتوں کے کامل نمونہ ہیں۔ آپؐ کی زندگی میں دیکھو کہ آپؐ عورتوں کے ساتھ کیسی معاشرت کرتے تھے۔ میرے نزدیک وہ شخص بزدل اور نامرد ہے جو عورت کے مقابلے میں کھڑا ہوتا ہے۔ آنحضرت ﷺ کی پاک زندگی کا مطالعہ کرو تمہیں معلوم ہو کہ آپؐ ایسے خلیق تھے۔ باوجودیکہ آپؐ بڑے بارعب تھے لیکن اگر کوئی ضعیفہ عورت بھی آپؐ کو کھڑا کرتی تھی تو آپؐ اس وقت تک کھڑے رہتے جب تک کہ وہ اجازت نہ دے۔

پھر ایک روایت ہے۔ حضرت ابو ہریرہؓ بیان کرتے ہیں کہ آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ عورتوں سے بھلائی سے پیش آیا کرو۔ عورت یقیناً پسلی سے پیدا کی گئی ہے۔ پسلی کے اوپر کے حصہ میں زیادہ کجی ہوتی ہے اگر تم اس کو سیدھا کرنے کی کوشش کرو گے تو اسے توڑ دو گے اور تم اسے چھوڑ دو گے تو ٹیڑھی ہی رہے گی۔ پس تم اس سے بھلائی ہی سے پیش آیا کرو۔

ایک اور روایت میں ہے کہ عورت پسلی کی طرح ہے اگر تم اسے سیدھا کرنے کی کوشش کرو گے تو توڑ دو گے اور اگر تم اس سے فائدہ اٹھانا چاہو تو تم اس کی کجی کے باوجود اس سے فائدہ اٹھا سکتے ہو۔ (بخاری کتاب الانبیاء باب خلق آدم وذریتہ)

اب پسلی کا زاویہ یا گولائی جو بھی ہے وہی اس کی مضبوطی ہے اور انتہائی نازک حصہ بھی کسی جاندار کا اس کے حصار میں ہے۔ یعنی دل اور بعض دوسری چیزیں بھی ہیں۔ تو اللہ تعالیٰ کی اس تخلیق سے انسان نے فائدہ اٹھایا ہے۔ اس لئے دیکھ لیں عمارتوں اور پلوں میں جہاں زیادہ مضبوطی دینی ہو اسی طرح گولائی دی جاتی ہے۔ تو فرمایا کہ عورت کا جو مضبوط کردار ہے اس سے اگر فائدہ اٹھانا ہے تو اس کو زیادہ اپنے مطابق ڈھالنے کی کوشش نہ کرو ورنہ فائدہ تو کیا وہ تمہارے کسی کام کی بھی نہیں رہے گی۔ لیکن یہ بھی ثابت شدہ ہے کہ عورت میں اللہ تعالیٰ نے قربانی کا مادہ بہت زیادہ رکھا ہے۔ اگر خود نمونہ بن کر اس سے نیکی سے پیش آؤ گے تو وہ خود اپنے آپ کو تمہاری خواہشات پر قربان کرنے کے لئے ہر وقت تیار رہے گی۔ اس لئے اس سے زیادہ فائدہ سختی سے نہیں بلکہ پیار و محبت سے ہی اٹھایا جا سکتا ہے۔

(روزنامہ الفضل 21 ستمبر 2004ء)

غزل

جہاں خوفِ خدا کچھ دل میں نہ ایمان باقی ہے
وہاں انسانیت کا کب کوئی امکان باقی ہے

حصارِ عافیت بس ایک ہے اس میں چلے آؤ
قیامت تک وگرنہ حیلۂ شیطان باقی ہے

تھے جتنے فیض کے چشمے وہ سارے خشک ہیں اب تو
بس اک چشمہ ہے جاری جس کا کہ فیضان باقی ہے

صحیفہ آسمانی جو ہے اس کو سب بھلا بیٹھے
گھروں میں طاقچہ باقی ہے یا جزدان باقی ہے

گھٹن ماحول کی کچھ کہہ رہی ہے غور کر دیکھو
نہ ہو یوں مطمئن کہ خطرۂ طوفان باقی ہے

یہ شہر آشوب کی حالت ابھی چلتی ہی جاتی ہے
مکدر ہے فضا اب بھی، ابھی بحران باقی ہے

تقاضے بیعت دل کے نباہے جا نہیں سکتے
کہ اپنی سمت جب تک نفس کا میلان باقی ہے

یہ دنیا جال سے اپنے نکلنے ہی نہیں دیتی
بہت یا کم سبھی کا اس طرف رجحان باقی ہے

لٹا دی زندگی ساری ہی دنیا کے کمانے میں
کوئی انمول شے کیا لوں ذرا سی جان باقی ہے

گناہوں کی ہے اک گٹھڑی تو کچھ آنسو ندامت کے
یہاں سے جاتے دم ہاتھوں میں یہ سامان باقی ہے

سجے تھے اس میں جتنے پھول سب مرجھائے جاتے ہیں
بدن کی شکل میں مٹی کا اک گلدان باقی ہے

نہ دارا نہ سکندر ہے نہ ان کی شان و شوکت ہے
فقط نامِ خدا باقی خدا کی شان باقی ہے

''بہت نکلے مرے ارمان لیکن پھر بھی کم نکلے''
مگر واضح نہیں مجھ پہ کہ کیا ارمان باقی ہے

میری ہستی ہی کیا اپنا تعارف آپ ہو جاؤں
بزرگوں کے حوالے سے میری پہچان باقی ہے

ذرا سی دیر کو آ کر دعائے خیر کر لیں گے
یہ میرے دوستوں کا مجھ پہ اک احسان باقی ہے

ہر اک نوزائیدہ اوپر سے یہ پیغام لاتا ہے
نہ ہو مایوس دنیا میں ابھی انسان باقی ہے

صاحبزادی امۃ القدوس صاحبہ

مکرم لئیق احمد مشتاق صاحب

حضرت شیخ محمد سلطان صاحب رفیق حضرت مسیح موعود

میرے پردادا جان حضرت شیخ محمد سلطان صاحب ابن شیخ محمد دین صاحب ان سعید فطرت لوگوں میں سے تھے جنہوں نے سلطان القلم کی تحریرات سے متاثر ہو کر ان کی دعوت کو قبول کیا۔

آباؤ اجداد

آپ کی پیدائش 1873ء میں ہوئی۔ آپ کے والد صاحب تین بھائی تھے۔ شیخ محمد دین صاحب، شیخ احمد دین صاحب اور شیخ شرف دین صاحب۔ یہ بھائی چمڑے کی خرید و فروخت کا کام کرتے تھے۔ محترم محمد دین صاحب کے تین بیٹے تھے۔ محترم شیخ مولا بخش صاحب، محترم شیخ محمد رمضان صاحب اور محترم شیخ محمد سلطان صاحب آپ کا آبائی گاؤں رسول نگر ضلع گوجرانوالہ تھا، جو علی پور چٹھہ سے آٹھ کلومیٹر کے فاصلے پر ہے اور اس زمانے میں اسی شہر کے ریلوے سٹیشن سے زیادہ تر آمد و رفت ہوتی تھی۔ دریائے چناب کے کنارے آباد یہ گاؤں کسی زمانے میں مہاراجہ رنجیت سنگھ کی گرمائی رہائشگاہ تھا اور اسی گاؤں میں نومبر 1848ء میں سکھوں اور انگریز فوج کے درمیان رام نگر کی مشہور لڑائی ہوئی تھی۔

نقل مکانی

رسول نگر گاؤں کی زمین کثرت سے دریا برد ہو رہی تھی، اس لئے لوگ اس گاؤں سے نقل مکانی پر مجبور ہونے لگے اور 1860ء سے 1865ء کے درمیان احمد دین اور محمد دین صاحبان کی اولاد لودھراں ضلع ملتان اور شرف دین صاحب کی اولاد بھابڑہ ضلع سرگودھا جا کر آباد ہوگئی، اور ان کے سسرالی رشتہ دار کچھ شجاع آباد ضلع ملتان اور کچھ موہنجو دڑو سندھ جا کر آباد ہو گئے۔ ہجرت کے بعد بھی ان لوگوں نے آبائی کاروبار جاری رکھا، اور ''شیخ محمد رمضان، محمد سلطان سوداگران چرم'' کے نام سے علاقہ میں شہرت پائی اور خدا تعالیٰ کے فضل سے ان کے کاروبار نے بہت وسعت اختیار کی اور کچھ عرصہ بعد بحری جہاز پر ان کا سامان ہندوستان سے باہر بھی جانے لگا۔

امام الزمان کے قدموں میں

آپ کی بیعت کا واقعہ رجسٹر روایات نمبر 13 میں محفوظ ہے۔ آپ بیان کرتے ہیں، ''1897ء کا ذکر ہے کہ میرے پاس ایک اہل حدیث ہیڈ مدرس واحد بخش صاحب آکر مہمان ٹھہرے۔ میں بھی اہل حدیث تھا۔ انہوں نے زمانہ کے فسق و فجور بیان کرنا شروع کر دئے اور یہ بھی کہا کہ لوگ نبوت کا دعویٰ کر بیٹھے ہیں۔ مگر اللہ تعالیٰ ڈھیل دے رہا ہے۔ میں نے کہا کس نے دعویٰ کیا ہے؟ کہنے لگے مرزا قادیان والے نے۔ میں نے کہا کیا ان کا دعویٰ زبانی ہے یا کوئی تحریر بھی ہے۔ انہوں کہا اس نے بہت سی کتابیں لکھی ہیں۔ میں نے کہا کوئی کتاب آپ مجھے دے سکتے ہیں، تا کہ میں خود پڑھ کر ان کی تصدیق یا تکذیب کروں۔ کہنے لگا اڑھائی روپے مجھے دو، میں تمہیں ان کی ایک دو کتابیں بھیج دوں گا۔ چنانچہ انہوں نے چھ سات روز بعد آئینہ اور عبداللہ آتھم کے مقابلہ پر کچھ اشتہار وغیرہ بھیج دئے۔ میں نے ان کو پڑھنا شروع کیا۔ جب وفات مسیح کا ذکر پڑھ چکا تو مجھے خیال پیدا ہوا کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی وفات میں تو کوئی شبہ نہیں، اور حضرت مرزا صاحب اپنے دعویٰ میں ضرور سچے ہیں۔ میں بیعت کا خط لکھنا چاہتا تھا مگر وہ اتوار کا دن تھا اس لئے پریشانی ہوئی۔ ایک میلا سا خط میرے پاس پڑا تھا اس کو اٹھایا اور بیعت کی درخواست کے ساتھ ہی لکھ دیا کہ یہ قیاس کر کے کہ پتہ نہیں زندگی وفا کرے یا نہ ایک میلا خط لکھ رہا ہوں۔ حضور معاف فرماویں۔ حضور کی طرف سے مولوی عبدالکریم صاحب کا لکھا ہوا خط ملا، کہ حضور نے آپ کی بیعت قبول فرمائی ہے۔ اور فرمایا ہے کہ نماز پنجگانہ، تلاوت قرآن کریم اور درود اپنا شعار بنالیں۔ میں نے مولوی واحد بخش صاحب کو کہا کہ یہ کتابیں مرزا صاحب کی میں نے پڑھی ہیں، آپ یا قرآنی دعاوی کو غلط ثابت کر دیں یا قبول فرماویں۔ انہوں نے کتاب لے لی اور کہا کل آنا۔ دوسرے روز جب میں گیا تو انہوں نے فرمایا کہ دعویٰ سچا ہے اور جو کچھ مرزا صاحب نے لکھا ہے، قرآن کریم کی رو سے سچ لکھا ہے۔ میں نے کہا، پھر بیعت کر لیں۔ انہوں نے کہا اچھا کل انشاء اللہ بیعت کا خط لکھوں گا۔ دوسرے روز گیا انہوں نے بیعت کا خط لکھ دیا۔ تیسرے دوست حافظ مولوی احمد بخش نے بھی بیعت کر لی۔ یہ صاحب حضرت مولوی نور دین صاحب کے جماعتی بھی تھے۔ تھوڑے عرصہ کے بعد میں قادیان حاضر ہوا اور حضور کے ہاتھ پر آخر 1897 یا 1898 میں بیعت کی''۔

خدا تعالیٰ کے فضل سے آپ نے عالم شباب میں 24 سال کی عمر میں مسیح موعود کی فوج میں شامل ہونے کا اعزاز پایا اور آپ کو تحصیل لودھراں کے سب سے پہلے احمدی اور رفیق حضرت مسیح موعود ہونے کا دائمی اعزاز حاصل ہوا۔

آپ کے سب سے بڑے بھائی محترم شیخ مولا بخش صاحب نے 1902ء میں حضرت مسیح موعود کے ہاتھ پر بیعت کر کے رفیق ہونے کی سعادت حاصل کی۔

برادر اکبر کا قبول حق

رجسٹر روایات میں آپ تحریر کرتے ہیں: ''میرے بڑے بھائی میرے ساتھ تبادلہ خیالات کرتے رہتے تھے۔ وہ میرے خیالات کی تصدیق کرتے تھے اور حضرت اقدس کو حق بجانب سمجھتے تھے، مگر کہتے تھے میں پہلے ایک شخص کا مرید ہوں، ایک بیوی کے دو خاوند نہیں ہو سکتے۔ میں نے ان کو بہتیرا سمجھایا کہ امام کی موجودگی میں اور کسی کی بیعت نہیں رہ سکتی۔ مگر وہ نہ مانے۔ پھر انہوں نے خواب دیکھی کہ ایک پہاڑ ہے، اس کے بعد ایک چھوٹی سی جھونپڑی ہے، اس میں معلوم ہوتا ہے کوئی عورت دودھ بلو رہی ہے، اور ایک مرغ نے اذان دی ہے۔ میں پھر قادیان حاضر ہوا، اور حضور کی خدمت میں یہ خواب عرض کی، اور بھائی صاحب کے لئے دعا کی درخواست کی۔ حضور نے اس خواب کی تعبیر میں فرمایا، اس پہاڑ پر ہمارے ہی پاؤں ہیں، ہم ایک مضبوط چٹان پر ہیں اور بظاہر جھونپڑی بھی ہم ہی ہیں، یا فرمایا ہماری جماعت ہے اور دودھ دین ہے اور مرغ کی اذان کا مطلب ہے کہ ظلمت کی رات گزر گئی، یا فرمایا کٹ گئی۔ اب سورج طلوع ہوگیا۔ تمہارا بھائی انشاء اللہ بیعت کر لے گا۔ میں واپس گیا اور اپنے بھائی کو اس خواب کی تعبیر سنائی جو حضور نے بیان فرمائی تھی۔ چنانچہ بھائی صاحب نے دو تین ماہ بعد بیعت کر لی''۔

اس طرح آپ کے بڑے بھائی محترم شیخ محمد رمضان صاحب کو بھی حلقہ بگوش احمدیت ہونے کی توفیق ملی۔

دیار حبیب میں

حضرت مسیح موعود کی اس نصیحت کے پیش نظر کہ بار بار قادیان حاضر ہونا چاہیے، آپ کو متعدد بار دیار مسیح میں جانے اور اپنے آقا کی صحبت سے فیض یاب ہونے کا موقع ملا۔ ایک بار حضرت اقدس کے پاؤں دبانے کی سعادت حاصل ہوئی، اس اثناء میں حضور نے پوچھا، ''میاں سلطان (دعوت الی اللہ) بھی کرتے ہو''۔ آپ نے جواب دیا حضور میں کیا (دعوت الی اللہ) کروں جاہل آدمی ہوں۔ یہ سن کر حضرت مسیح موعود اٹھ کر بیٹھ گئے اور بڑے جلال سے فرمایا، ''کون کہتا ہے تم جاہل ہو۔ تمہیں خدا نے امام وقت کو پہچاننے اور اس پر ایمان لانے کی توفیق دی ہے۔ تم جاہل نہیں ہو''۔ آپ حضرت مسیح موعود کی پاک زبان سے نکلے ان الفاظ کو بڑی عقیدت سے یاد کیا کرتے تھے اور بڑے فخر سے بیان کیا کرتے تھے۔ اس نصیحت کے بعد آپ نے کثرت سے دعوت الی اللہ شروع کی اور خدا تعالیٰ کے خاص فضل سے ان کے بہترین نتائج ظاہر ہوئے۔

اپنے آقا کے صاحبزادگان سے بھی بہت محبت کرتے تھے۔ حضرت مصلح موعود کی عمر گو اس وقت قریباً دس گیارہ سال تھی، مگر ایک بار اس مطہر وجود کو کندھوں پر اٹھا کر ریتی چھلہ لے جانے کی سعادت حاصل کی اور اپنی خوشی کے لئے صاحبزادگان کو کچھ خرید کر دیا کرتے تھے۔

طبیب حاذق

اکثر سردیوں میں آپ کو زکام اور کھانسی کی شکایت ہو جاتی تھی۔ ایک بار قادیان گئے تو حضرت حکیم مولوی نورالدین کی خدمت میں حاضر ہوئے اور اپنی تکلیف بیان کی۔ حضور نے فرمایا دو آنے کی املی اور دو آنے کا آلو بخارا خرید لیں۔ رات کو ان کی تھوڑی سی مقدار پانی میں بھگو کر رکھیں اور اس پانی میں ہلکا نمک ملا کر پئیں۔ آپ نے عرض کی حضور خدا تعالیٰ کے فضل سے صاحب حیثیت ہوں دس بیس روپے کی دوا خرید سکتا ہوں۔ حضور نے فرمایا میں حیثیت دیکھ کر نسخہ نہیں بتاتا۔ آپ کا علاج ہی یہی ہے۔

سماجی تعلقات

خدا تعالیٰ کے فضل سے آپ انتہائی ذہین زیرک اور معاملہ فہم انسان تھے۔ علاقے میں بڑی عزت اور جان پہچان تھی اور کوئی میٹنگ یا پنچایت آپ کے بغیر نہیں ہوتی تھی اور پنچایتی معاملات میں آپ کا فیصلہ کھلے دل سے قبول کیا جاتا تھا۔ لودھراں میں آپ کے گھر کے پاس ہی بیت الذکر تھی جہاں سالہا سال تک احمدی اور غیر از جماعت باری باری نماز باجماعت ادا کرتے رہے اور کبھی کوئی تلخی نہیں ہوئی۔

غیرت ایمانی اور خدائی نصرت

ایک دفعہ آپ کے بڑے بھائی محترم شیخ محمد رمضان صاحب نے آپ کو قرض کی وصولی کے لئے بھجوایا۔ مختلف علاقوں اور لوگوں سے رقم وصول کرنے کے بعد تین سو روپے جمع ہوئے جو سو سو کے تین نوٹوں کی صورت میں تھے۔ یہ رقم آپ نے تہہ بند میں اڑس لی، اور واپسی کے سفر پر روانہ ہوئے۔ راستے میں تیز ہوا اور طوفانی بارش نے آلیا اور آپ بڑی مشکل سے شام کو گھر پہنچے۔ جب رقم کو ٹٹولا تو پیسے غائب تھے۔ آپ نے پریشانی کے عالم میں بار بار دیکھا مگر کچھ نہ ملا۔ بھائی سے ذکر کیا تو انہوں نے کہا، تم نے قادیان مرزا کو بھجوا دیئے ہوں گے اور گم ہونے کا بہانہ کر رہے ہو۔ آپ نے بار بار حقیقت حال بیان کی مگر وہ اپنی بات پر مصر رہے۔ یہ صورتحال دیکھ کر آپ نے کہا کہ میں نے رقم مرزا صاحب کو نہیں بھجوائی اور میں حق پر ہوں اور اگر مرزا صاحب سچے ہیں تو وہ رقم ضرور ملے گی۔ آپ میرے ساتھ چلیں۔ یہ کہہ کر لالٹین ہاتھ میں پکڑی اور اس طوفانی رات میں الٹے پاؤں لوٹ گئے اور عاجزانہ دعاؤں کیساتھ رقم کی تلاش شروع کی۔ خدا نے اپنی رحمت سے آپ کی نیک نیتی اور سچی کوشش کو قبول کیا اور اس تاریک رات میں تینوں نوٹ ایک جھاڑی میں اٹکے ہوئے گیلی حالت میں آپ کو مل گئے۔ یہ دیکھ کر آپ کے بڑے بھائی نے

اقرار کیا کہ آپ سچے ہیں اور آپ کا امام بھی سچا ہے۔

علاقے میں دعوت الی اللہ اور اس کے اثمار

خدا تعالیٰ کے فضل سے آپ نے بڑی محنت اور جذبے کے ساتھ علاقے میں دعوت الی اللہ کی اور مسیح کی آمد کی منادی کی۔ آپ کی دعوت الی اللہ کا ایک بہترین پھل محترم غلام احمد صاحب کی صورت میں ظاہر ہوا جو لودھراں میں پوسٹ ماسٹر تھے۔ ان کے بیٹے محترم مولانا محمد منور صاحب مربی سلسلہ کو لمبا عرصہ مختلف ممالک میں خدمت دین کی توفیق ملی۔ اس کے علاوہ آپ کے ذریعہ دو بھائی محترم نواب خان صاحب اور محترم محمود خان صاحب کو سلسلہ احمدیہ میں داخل ہونے کی توفیق ملی جو لودھراں میں عرضی نویس تھے۔ لودھراں میں جماعت قائم کرنے کے علاوہ آپ کو قریب کے علاقوں، ''جلہ ارائیاں'' اور ''جت والا'' میں جماعتیں قائم کرنے کی توفیق ملی۔

اہل وعیال

پہلی بیوی سے آپ کا ایک ہی بیٹا تھا جو میٹرک کے بعد ڈسپنسری کا کورس کر رہا تھا کہ اچانک بیمار ہو کر راہی ملک عدم ہوا۔ کچھ عرصہ بعد آپ کی اہلیہ محترمہ کا بھی انتقال ہو گیا۔ آپ نے جوان بیٹے اور اہلیہ کی وفات کا صدمہ بہت حوصلے اور صبر کے ساتھ برداشت کیا۔ پھر آپ نے عقد ثانی کیا۔ اس سے اللہ تعالیٰ نے آپ کو تین بیٹے عطا فرمائے، شیخ مشتاق احمد صاحب، شیخ اشفاق احمد صاحب اور شیخ مشکور احمد صاحب۔ تین بیٹیاں کم عمری میں فوت ہو گئیں۔ تیسری بیوی سے اللہ نے آپ کو دو بیٹے اور ایک بیٹی عطا فرمائی۔ اہل وعیال سے بہترین سلوک کرنے والے، نرم زبان استعمال کرنے والے اور بچوں کی تربیت کا پورا خیال رکھنے والے وجود تھے۔

شدھی تحریک میں حصہ

حضرت خلیفۃ المسیح الثانی نے مارچ 1923ء میں شدھی کی تحریک کے خلاف جہاد کا اعلان فرمایا اور افراد جماعت کو تین ماہ کے لئے ذاتی خرچ پر وقف کرنے اور متاثرہ علاقوں میں فتنہ ارتداد کا انسداد کرنے کی تحریک فرمائی۔ آپ نے امام وقت کی آواز پر لبیک کہتے ہوئے اس تحریک میں شمولیت کا ارادہ کیا۔ اہل خانہ کے لئے اخراجات کا انتظام کیا اور اپنا زادراہ لے کر ملکانہ کے علاقہ میں تین ماہ بھرپور خدمت کی توفیق پائی، اور حسب ہدایت اپنا کھانا خود پکاتے رہے، اور اکثر راتیں زمین پر سو کر گزاریں۔

جلسہ سیرت النبی ﷺ

حضرت مصلح موعود نے 1928ء کے آغاز میں وسیع پیمانے پر جلسہ ہائے سیرت النبی ﷺ شروع کرنے کی تحریک فرمائی اور اتوار 17 جون 1928ء کا دن یوم سیرت النبیؐ کے طور پر منانے کا اعلان فرمایا۔ اس دن ہندوستان کے طول وعرض میں نہایت تزک واحتشام سے جلسے کئے گئے اور اس مقدس ومطہر رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی پاکیزہ سیرت کا تذکرہ ہوا۔ اس پروگرام کے مطابق لودھراں میں جو کامیاب جلسہ منعقد ہوا اس میں شیخ محمد سلطان صاحب کو بھی تقریر کرنے کی سعادت حاصل ہوئی۔ اس وقت آپ سیکرٹری دعوت الی اللہ کے طور پر خدمت کی توفیق پا رہے تھے۔ اس جلسہ کی رپورٹ الفضل قادیان 26 جون 1928ء صفحہ 15 پر شائع شدہ ہے۔

آقا کی خدمت میں نذرانہ عقیدت

حضرت مصلح موعود سے ذاتی تعلقات تھے اور حضور آپ کو ''شیخ محمد سلطان لودھراں والے'' کے نام سے یاد فرماتے تھے۔ حضور کے سندھ کے سفروں کے دوران اکثر لودھراں سٹیشن پر حضور کی خدمت میں پھل یا چائے وغیرہ پیش کرنے کی توفیق پاتے رہے۔ غالباً 1938ء میں جب حضرت مصلح موعود نے پہلی بار سندھ میں اراضی کے معائنہ کے لئے سفر اختیار فرمایا تو سٹیشن پر بڑی تعداد میں لوگ زیارت کے لئے جمع تھے۔ آپ نے سٹیشن ماسٹر کو اس بات پر راضی کیا کہ گاڑی کو کچھ دیر روکا جائے تا کہ زائرین دیدار کا حظ اٹھا سکیں۔ حضور انور پلیٹ فارم پر تشریف فرما ہوئے۔ آپ نے حضور سے ایک نظم پیش کرنے کی اجازت چاہی۔ دربار خلافت سے اذن کے بعد آپ کے چھوٹے بیٹے محترم منظور احمد صاحب اور محترم عبدالرزاق صاحب نے درج ذیل منظوم کلام خوش الحانی سے پڑھا۔

بشارت جن کے آنے کی خدا نے دی تھی احمد کو
بحمد اللہ وہی ابن مسیح ہی بالیقیں آئے
اتر آیا ہے کوئی چاند لے کر نور کی کرنیں
مسیح کی آنکھ کے تارے وہی روشن جبیں آئے
مسیح پاک کو بخشی خدا نے بے کراں رحمت
انہی فضلوں کے آقا بن کے وارث اور امیں آئے
ترے دیدار کی خاطر چلے آئے ہیں متوالے
لبوں پہ حمد کے نغمے لئے روح الامیں آئے
تو گزرا لودھراں سے ہو گئی ساری فضا روشن
شب پر زنور آئی اور دن کیسے حسیں آئے
مسرت سے بھرے لمحے عبادت سے بھری گھڑیاں
غلاموں کے لئے آقا محبت کے نگیں لائے
خدا شاہد ہے سلطاں کو فخر تیری غلامی پر
سعادت ہے ترے قدموں کے نیچے گر جبیں آئے

نظم سننے کے بعد حضور نے پوچھا، کس کا کلام ہے، عرض کی حضور میں نے لکھی ہے۔ حضور نے پسندیدگی کا اظہار فرمایا اور ارشاد فرمایا، دوبارہ سناؤ۔ اس طرح دو بار سن کر غلام کی عزت افزائی فرمائی۔

اسیروں کی رستگاری

تقریباً 1940ء یا 1941ء کا واقعہ ہے کہ محترم نواب خان صاحب کے دو بیٹے محترم عاشق صاحب اور محترم صادق صاحب ایک ہندو لڑکی کے قتل کے الزام میں گرفتار ہو گئے۔ اس مقدمہ کو علاقہ میں بڑی شہرت حاصل ہوئی، اور اس نے ہندو مسلم مقابلے کی صورت اختیار کر لی۔ مسلمان اور ہندو وکیل اس مقدمہ کی مفت پیروی کرنے لگے۔ شیخ محمد سلطان صاحب دینی اور انسانی ہمدردی کی بنا پر محترم نواب خان کے ساتھ کندھے سے کندھا ملا کر چلتے رہے، اور حضرت خلیفۃ المسیح الثانی کی خدمت اقدس میں باقاعدگی سے مقدمے کے حالات لکھ کر دعا کی درخواست کرتے رہے۔ ٹھوس ثبوتوں کی بنا پر عدالت نے دونوں ملزمان کو موت کی سزا سنائی اور ماتحت عدالتوں سے ہوتا ہوا مقدمہ لاہور میں ایک انگریز جج کی عدالت میں پہنچا۔ مسلمان وکلا نے مقدمے کے بعض سقم واضح کرتے ہوئے جج سے خود موقعہ واردات کا معائنہ کرنے کی درخواست کی، جسے اس نے قبول کیا اور لاہور سے لودھراں جائے واردات دیکھنے گیا اور فیصلہ کی تاریخ مقرر کی۔ محترم شیخ محمد سلطان صاحب نے اپنے آقا کو اس صورتحال سے آگاہ کیا اور فیصلہ کے دن دعا خاص کی درخواست کی اور بعد کی روایات سے پتہ چلا کہ اس دن سخت گرمی کے باوجود حضرت خلیفۃ المسیح الثانی نے بیت الذکر کی چھت پر دیر تک ٹہلتے ہوئے ان اسیروں کی رستگاری کی دعا کی۔ مقررہ تاریخ پر علاقے کے لوگوں نے بڑی تعداد میں لاہور کا سفر اختیار کیا اور عدالت زائرین سے کھچا کھچ بھر گئی۔ طویل ساعت اور فریقین کے وکلاء کے قانونی دلائل اور موشگافیوں کے بعد جج نے دونوں ملزمان کے باعزت بریت کے احکام جاری کئے اور امام لاثانی حضرت خلیفۃ المسیح الثانی کی دعاؤں کے طفیل سزائے موت کے یہ اسیر رستگار ہوئے۔ حضور انور کی خدمت اقدس میں فوراً اس فیصلہ کی اطلاع بھجوائی گئی اور واپسی سفر کے دوران ٹرین کے مسافر لاہور سے لودھراں تک نعرہ ہائے تکبیر اور احمدیت زندہ باد کے نعرے لگاتے آئے۔

مالی نقصان اور ہجرت

آپ اپنے بھائیوں کی حصہ داری کے ساتھ وسیع کاروبار کے مالک تھے اور لاکھوں کی آمدنی تھی۔ مگر دوسری جنگ عظیم کے دوران حالات کی خرابی کی وجہ سے آپ کو بھاری مالی نقصان اٹھانا پڑا۔ خام چمڑے سے بھرا بحری جہاز کراچی بندرگاہ پر لمبا عرصہ رکا رہا اور وہیں پڑے پڑے سب مال ضائع ہو گیا اور آپ شدید مالی بحران کا شکار ہو گئے۔ قرض خواہ مطالبے کرنے لگے اور قرضدار نظریں چرانے لگے۔ آپ نے ان حالات کا پوری ہمت اور استقلال کیساتھ مقابلہ کیا اور توکل علی اللہ کا دامن نہ چھوڑا۔

متوازن طبیعت

حضرت مصلح موعود فرماتے ہیں:

میری ساری عمر میں میرا نقطۂ نگاہ یہ کبھی نہیں ہوا کہ میں غیر معمولی جوش دکھاؤں یا غیر معمولی طور پر اپنے آپ کو جوشوں کے حوالے کر دوں۔ ساری عمر میں مجھے ایک واقعہ یاد ہے اور وہ خلافت سے پہلے کا ہے اس میں کچھ میری عمر کا بھی تقاضا تھا مگر بہرحال ساری عمر میں مجھے وہی واقعہ یاد ہے۔ جس کے متعلق اب مجھے محسوس ہو رہا ہے کہ اس وقت میرے فیصلے کا توازن باقی نہیں رہا تھا اور اگر ایک ساعت اور ایک لحظہ کے اندر اندر میری غلطی مجھ پر واضح نہ ہو جاتی تو شاید مجھ سے کوئی ایسی حرکت ہو جاتی جس کے متعلق بعد میں مجھے شرمندگی محسوس ہوتی اور میں خیال کرتا کہ میں نے جلد بازی سے کام لیا۔ اس واقعہ کے علاوہ مجھے اپنی ساری زندگی میں کوئی ایسا واقعہ نظر نہیں آتا جب میرے ہوش وحواس کھوئے گئے ہوں، جبکہ غصہ یا غیرت نے میری عقل کو کمزور کر دیا ہو اور جبکہ میری قوت فیصلہ میں کسی وجہ سے ضعف آ گیا ہو بلکہ ہر حالت میں خواہ وہ خطرناک ہو یا معمولی، خواہ حکومت سے تعلق رکھنے والی ہو یا رعایا سے، ہمیشہ خدا تعالیٰ کے فضل سے میری عقل میرے جذبات پر غالب رہی ہے اور میری دینی سمجھ میرے جوشوں کی راہنمائی کرتی رہی ہے۔

(خطبہ جمعہ فرمودہ 16 نومبر 1934ء)

آپ کے بڑے بھائی محترم شیخ مولا بخش صاحب مع اہل وعیال لودھراں سے دنیا پور منتقل ہو چکے تھے اور 1937ء میں بیت الذکر بھی تعمیر کر چکے تھے۔ بعد ازاں آپ بھی مع اہل وعیال لودھراں سے ترک سکونت کر کے دنیا پور آ گئے اور زندگی کے آخری چند سال یہیں گزارے۔

وفات

خدا تعالیٰ کے فضل سے آپ نے بہت فعال زندگی گزاری۔ ایمان کی دولت کے سبب عسر اور یسر میں راضی برضا رہے۔ 24 ستمبر 1950ء اتوار کے دن نماز تہجد بیت الذکر میں ادا کرنے کے بعد نماز باجماعت میں شامل ہوئے۔ تلاوت قرآن مجید کے بعد کچھ دیر آرام کے لئے لیٹے تو بلاوا آ گیا اور صبح ساڑھے آٹھ بجے بعمر 77 سال آپ اپنے مولا کے حضور حاضر ہو گئے۔ شہر کے مشہور قبرستان ''پیر شاہ جمال'' میں آسودہ خاک ہوئے۔ آپ نے ایک بیوہ محترمہ حسین بی بی صاحبہ، پانچ بیٹے ایک بیٹی اور گیارہ پوتے پوتیاں یادگار چھوڑیں۔

بفضل خدا آج آپ کی نسل دنیا کے مختلف ممالک میں پھیلی ہوئی ہے اور متعدد کو واقف زندگی کی حیثیت سے خدمت دین کی توفیق بھی مل رہی ہے۔ ع

خدا رحمت کند ایں عاشقان پاک طینت را

مکرم امان اللہ امجد صاحب

فنی تعلیم کی ضرورت و اہمیت

احمدی نوجوان کوئی نہ کوئی ہنر سیکھیں اور معاشرے کا فعال وجود بن جائیں

فنی تعلیم کی اہمیت

پاکستان کے قیام کو 68 سال کا عرصہ گزر چکا ہے۔ اگر ہم تعلیم کے میدان میں گزشتہ ادوار کا جائزہ لیں تو یہ حقیقت سامنے آتی ہے کہ سائنس اور ٹیکنالوجی اور فنی تعلیم سے غفلت اور لا پرواہی برتی گئی ہے۔ جبکہ دور حاضر میں سائنس اور فنی تعلیم ایک ناگزیر امر ہے۔ جس کے بغیر ہم دنیا کی دوڑ میں شامل نہیں ہوسکتے اور یہی زندہ قوموں کی ترقی کا راز ہے۔ جن قوموں نے اس راز کو سمجھ لیا وہ آج ترقی یافتہ ممالک کی صف میں کھڑی ہیں۔ آج وہی قومیں ترقیات کی منازل کو چھو رہی ہیں جو سائنسی اور فنی میدان میں سب سے آگے ہیں اور جنہوں نے سائنس، ٹیکنالوجی اور فنی تعلیم کو اپنا اوڑھنا بچھونا سمجھا ہے۔

پس ضرورت اس امر کی ہے کہ ہم فنی تعلیم سیکھنے پر توجہ دیں اور خدا کے فضل سے صرف یہی ایک راستہ ہے جو پاکستان کو ترقی یافتہ ممالک کی صف میں کھڑا کر سکتا ہے اور اگر ہم اس ڈگر پر چل نکلے تو کامیابی ہمارے قدم چومے گی۔ اگر آج بھی ہم نے ہوش کے ناخن نہ لئے اور فنی تعلیم کی اہمیت کو نہ سمجھے تو ہم کسی صورت بھی زمانے کے ساتھ نہ چل سکیں گے۔ ملک کی اقتصادی حالت اور معیشت کو سنبھالا دینے کے لئے اور خود کفالت کے لئے یہ لازم ہے کہ ہم فنی تعلیم سیکھنے پر توجہ دیں۔

نئی نسل کو شفقت اور پیار کے ساتھ فنی تعلیم کی طرف راغب کرنا چاہئے تاکہ وہ اپنی جسمانی اور ذہنی قوت کو استعمال کر کے ملکی پیداوار اور مصنوعات کو بڑھا سکیں۔

مغربی ممالک کی حیرت انگیز معاشی ترقی اور خوشحالی اس عمدہ تعلیمی نظام کی مرہون منت ہے جس میں سائنس اور ٹیکنالوجی کو بنیادی حیثیت دی جاتی ہے۔ چنانچہ ہم نے دیکھا اور سوچا کہ جب تک ہم ملکی وسائل سے خاطر خواہ استفادہ کرنے کے لئے جدید فنی نظریات کو نہیں اپناتے ایک مضبوط معیشت کی بنیاد رکھنا ممکن نہیں۔ چنانچہ ہم نے اس نظریے کو اپنا کر فنی تعلیم پر توجہ دی جس کا نتیجہ دیکھتے ہی دیکھتے جہاں بڑی بڑی صنعتیں قائم ہونے لگیں وہاں بامقصد فنی تعلیم کا نظام بھی ملک میں رائج ہو گیا۔

ایک متوازی صنعتی نظام میں انجینئرنگ تین درجوں کے افراد پر مشتمل ہوتی ہے۔ یعنی انجینئر، ٹیکنیشن اور کاریگر، ماہرین کے خیال میں کسی صنعت میں عام طور پر ایک انجینئر کے ہمراہ پانچ ٹیکنیشن اور پچیس کاریگر ہونے چاہئیں۔

سیدنا حضرت مصلح موعود کے ارشادات میں واضح طور پر بے کاری سے بچنے کی تلقین کی گئی ہے اور اس میں یہی راز مضمر تھا کہ احمدی نوجوان اپنے فارغ اوقات میں کوئی ہنر سیکھیں اور معاشرے کا فعال وجود بن جائیں۔ آپ کے نزدیک بے کاری خودکشی کے مترادف ہے۔ چنانچہ آپ فرماتے ہیں:

’’کسی شخص کو کوئی کام کرنے میں کسی قسم کی عار نہیں ہونی چاہئے۔ مسلمانوں میں یہ کتنی خوبی کی بات تھی کہ ان کے بڑے بڑے بزرگوں کے نام کے ساتھ لکھا ہوتا ہے۔ رسی بٹنے والا یا ٹوکریاں بنانے والا، جس سے معلوم ہوتا ہے کہ مسلمانوں کے علماء اور امام عملاً کام کرتے تھے اور کام کرنے میں کوئی حرج نہ سمجھتے تھے۔‘‘

ایک اور جگہ آپ محنت اور کوشش کی تلقین کرتے ہوئے فرماتے ہیں:

’’محنت اور کوشش کے ساتھ ہی انسان انسان بنتا ہے۔ یا تو تم موجودہ حالتوں پر قائم رہ کر اپنی غلامی کے دور کو لمبا کرو گے اور یا غلامی کے طوق اتار کر سرداری کے تخت کو جیتو گے۔ یہ دونوں حالتیں تمہارے سامنے ہیں یا تو تم کوششیں نہیں کرو گے اور یہ خیال کرو گے کہ موجودہ حالت کو بدلنے کی ضرورت نہیں اس حالت میں بھی روٹی مل جائے گی۔ لیکن اس طرح تم غلامی کی حالت میں رہو گے۔ پاکستان کے آزاد ہو جانے سے تم آزاد نہیں ہو جاتے کیونکہ جو ملک صنعتی طور پر دست نگر ہو وہ پورا آزاد نہیں کہلا سکتا اپنے آپ کو آزاد کرانے کے لئے اپنے ملک کو آزاد بنانے کے لئے قربانی کی ضرورت ہے۔ اگر صنعتی اشیاء کے لئے ہم دوسرے ممالک کے محتاج رہے تو ہمیشہ یہ شکوہ رہے گا کہ فلاں ملک ہماری روئی نہیں لیتا۔ ہمارا زمیندار مر رہا ہے وہ اس میں فوجی سامان نہیں دیتا جس کی وجہ سے ہماری فوج غیر مسلح ہے۔

یہ آزادی محدود آزادی ہے۔ آزادی اس چیز کا نام ہے کہ ہمارا ملک دوسرے ممالک کو چیلنج کر سکے کہ ہمارا مقاطعہ کرتے رہو تو کرو ہمیں اس کی کوئی خطرہ نہیں۔ توپیں یہاں بن رہی ہوں۔ ہوائی جہاز یہاں بن رہے ہوں۔ ریلوے کے انجن یہاں بن رہے ہوں۔ ٹریکٹر، لاریاں موٹر اور دوسری چیزیں یہاں تیار کی جارہی ہوں۔ یہ خیال کر لینا کہ روٹی تو ہر حالت میں ملتی ہے۔ زیادہ کوشش کی کیا ضرورت ہے۔ ہماری غلامی کو لمبا کرتا ہے۔ لیکن اگر ہم روٹی کو لات ماریں اور تجارتوں، ایجادوں، زراعتوں اور صنعتوں میں لگ جائیں تو شاید کچھ عرصہ تک ہمیں تکلیف بھی ہو یا ہماری نسل بھی کچھ عرصہ تک تکلیف اٹھائے لیکن ایک وقت ایسا آئے گا جب ہم اپنے خاندان اور ملک کے ایک مفید وجود بن سکیں گے اور ہماری ساری تکالیف رفع ہو جائیں گی‘‘۔

سیدنا حضرت مصلح موعود نے نوجوانوں میں صنعت و حرفت کا شوق پیدا کرنے کے لئے محلّہ دارالبرکات قادیان میں دارالصناعۃ کا کارخانہ قائم فرمایا۔ جس میں لکڑی لوہے اور چمڑے کا کام سکھایا جاتا تھا۔ 2 مارچ 1936ء کو حضور بنفس نفیس تشریف لے گئے اور اس کا افتتاح فرمایا۔ اس موقع پر حضور انور نے اپنے ہاتھ میں رندہ لے کر خود اپنے دست مبارک سے لکڑی صاف کی اور آری سے اس کے دو ٹکڑے کر کے سیکھنے والے بچوں کے دل میں خود کام کرنے کے جذبہ کی عزت کو بڑھایا اور ثابت کیا کہ اپنے ہاتھوں سے کام کرنا ذلت نہیں بلکہ عزت کا موجب ہے۔ (روزنامہ الفضل 5 مارچ 1936ء)

نومبر 2008ء میں جب ہمارے پیارے امام سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز جب بھارت کے دورہ کے دوران کیرالہ تشریف لے گئے تو اس موقع پر مقامی عہدیداران کی حضور انور کے ساتھ میٹنگ ہوئی۔

اس موقع پر سیکرٹری وقف نو نے حضور انور کی خدمت میں استفسار کیا کہ جو واقفین نو بچے پڑھائی میں سست ہیں اور پڑھائی کا ان کو شوق نہیں ان کے بارے میں کیا کارروائی کی جاسکتی ہے۔

